TEXT LIGHT WITHIN THE BOOK ONLY

UNIVERSAL
LIBRARY

OU_222334

UNIVERSAL
LIBRARY

OUP—43—30-1-71—5,000

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY U. 860

Call No. Accession No.

Author

Title

This book should be returned on or before the date last marked below.

بعون صانع مکین و مکان فضل خلاق زمین و زمان

طلسم حیرت

مطبع نامی منشی نولکشور میں بطبع مزین مطبوع ہوا

اعلان۔ کاپی رائٹ اس کتاب کا بحق مطبع محفوظ ہے

اطلاع اس مطبع مین ہر علم وفن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہی جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہی اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین انمین بعض کتب قصہ جات نثر و نظم اردو درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

قصہ جات نثر

الف لیلہ ۔ اردو مترجمہ منشی طوطا رام تخلص شایان

ایضاً ۔ عربی ترجمہ مترجمہ منشی عبد الکریم

فسانہ عجائب ۔ باتصویر مولفہ مرزا رجب علی بیگ سرور ۔

ایضاً ۔ بغیر تصویر ۔

سروش سخن ۔ بجواب فسانہ عجائب مصنفہ سید فخر الدین حسین مودودی ۔

باغ و بہار ۔ یعنے قصہ چار درویش مولفہ میر امن دہلوی ۔

طلسم فصاحت ۔ مصنفہ مولوی محمد حسین جاہ ۔

سہیل امین ۔ مصنفہ مولوی رفیع الدین وکیل عدالت ۔

وقائع راجکمار ۔ مصنفہ کنور جگت سنگھ خلف مہاراجہ مان سنگھ ۔

بیحی بہادری ۔ مترجمہ راجہ شیو پرشاد ستارہ ہند ۔

آرائش محفل ۔ قصہ حاتم طائی باتصویر مولفہ سید حیدر بخش ۔

آرائش محفل ۔ بغیر تصویر ۔

داستان امیر حمزہ ۔ باتصویرات بنظر ثانی حافظ محمد عبد اللہ بلگرامی ۔

نوطرز مرصع ۔ قصہ چار درویش بعبارت مسجع مولفہ منشی محمد عوض زرین ۔

بستان حکمت ۔ اردو ترجمہ انوار سہیلی کا مولفہ فقیر محمد خان گویا ۔

قصہ سیاہ پوش ۔ مولفہ عنایت اللہ خان قیس

فسانہ معقول ۔ مصنفہ سید غلام حیدر خان بہادر اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ۔

قصہ سورج پور ۔ ایک زمیندار کا فسانہ مولفہ جرنیکی لال

آئینہ عقول ۔ یعنے قصہ قاسم و ہاشم و روح افزا زوجہ خلیفہ بغداد مترجمہ سید غلام حیدر خان بہادر اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ۔

جادہ تسخیر ۔ نادر عبارت مسجع مصنفہ نواب محمد حیدر علی خان بہادر ۔

نورتن ۔ مصنفہ محمد بخش تخلص مہجور ۔

قصہ اگر گل ۔ مولفہ عاصی تخلص ۔

تقریظ طلسم حیرت چکیدۂ خامۂ سحر طراز حضرت استادی مولوی محمد محی الدین خان صاحب ذوق کاکوروی دام اقباله

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حبذا یہ افسانہ سحر طراز معشوقہ سراپا ناز ہے کہ ہر صفحہ جسکا آئینہ دار چہرۂ خوش بیانی اور ہر سطر مسلسل طرۂ بازار رخسار معانی ہے مدعنوانی بارقہ افروز جبین پر نور لوح پیشانی افشان طراز پیشانی حور بیاض مین اسطور سے صبح بنارس پیدا سواد مداد سے شام اودھ ہویدا بیان بزم جمشیدی پر طعنہ زن ہے تقریر رزم تیغ آزمائے معرکۂ سخن ہے ہر فقرہ سینہ ہنگامہ آرایان سخن مین آمادہ خنجر گذاری ہر نقطہ عرصہ گاہ بیان مین مصروف سپرداری مضامین رنگین غازہ طراز چہرۂ قرطاس تعالی اللہ نشین مردم دیدۂ قدر شناس ہر سخن چشمک زن ابروے شاہدان معنی ہر مصرعہ نشتر فروش شریان جان شعری نظم تعالی اللہ عجب نثر دلاویز ہے بحمد اللہ رشک نظم گہر ریز ہے نہین ہے نثر نسخہ آسمان ہے + نہین ہے شعر شعر آسمان ہے + ہر اک فقرہ کہ پیغام جنون ہے + پیرایہ ان مضمون کو فسون ہے + زہے بوستان دلبری ہے + صبا روح سرو اس باغ کی ہے ہر دم آتش گل آتش فشان ہے + بلبل اس گلستان کا باغبان ہے + ہر غنچہ بیان کا طبع نکتہ گستر + عنادل شور تحسین سخنور + گل پژمردہ خورشید اس چمن کا + مہ کامل یہان بتا سمن کا + زہے گرم سواد دلبری ہے + ورق برگ گل نیلوفری ہے + مدعنوان ہے ابروے معانی + جداول جدول جوے معانی + حقا کہ یہ وہ داستان پروردہ ہے جسکے سامنے شعلہ آواز مرغ داستان سرا سر دہ طوطی تقریر سخنوران بخیرہ تن مین گھبراتی ہے کہنا تو ایک طرف سننے والون کی روح پھڑ پھڑاتی ہے کیونکر نہو کہ مولف افسانہ نے دریا کو کوزے مین بند کیا ہے گرم بیانی سے شعلہ کو مملو مپہنہ کیا ہے کبھی پا ریگ کو جادۂ قبول ارباب نظر بنایا آراستگی طبع مستقیم سے معانی بیگانہ کو راستہ بتایا مضامین چیستہ سے ہو گردن جو کڑی بھولی حاسدون کا رنگ زرد ہوا رنگین ادائی دیکھ کے آنکھون مین سرسون پھولی غبار خاطر گرد ہوا اسکے فقرات رنگین سے بعد ایک مدت کے شگفتگی حاصل ہوئی طبیعت اس ہیچمدان ذوق کاکوروی

تسوید تاریخ تالیف مائل ہوئی چنانچہ تمام چند مادہ مرقوم ہین جس سے سال تالیف بہ اختلاف سنین مفہوم ہین

تاریخ تالیف

عجب باغ سبز ہی یہ فسانہ
روانی عبارت کی کبک دری ہی
عجب داستان طرفہ مضمون رنگین
سخنور کو گر دعوی ہمسری ہی

کہ ہر حرف سے فارغ خزان سے بری ہی
ہر اک نقطہ ہی خو نازک ادائی
یہ نقش سلیمانی اور وہ پری ہی
فسون پری یا کہ رنگین فسانہ
لکھا ہی ذوق یون سال تصنیف اسکا
جو یہ باغ تو وہ گل جعفری ہی

ہر اک مصرعہ چستہ ہی سرو موزون
ہر اک فقرہ آمادہ دلبری ہی
لگھے تو مقابل ہین جعفر علی ہی
طلاقت ہی یا جادو سامری ہی

ایضاً از مصرع تاریخ

لکھون مین مدح افسانہ کہ وصاف اس طلاقت کے
نہ ملحق داستان ہی طائر دستان سرا بارے

کہ یہ رشک چمن اور وہ بہار طبع موزون ہی
نہ افسانہ فسون بہر پری زادان مضمون ہی

۱۸۷۲ع

ایضاً بہ تعمیہ چار عدد

کیا طرفہ داستان ہی اور کیا بیان رنگین
از روے داد ہی ذوق یہ قول اہل بینش

یہ تختہ چمن ہی وہ ہی بہار معنی
ہان یہ طلسم حیرت وہ گنج بار معنی
۱۲۸۹ھ

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY HYDERABAD-7

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جل شانہ حدیقہ حمد پروردگار ہمیشہ بہار ہے شگفتہ کلمزار ہے جسکا ہر تنا اسکی صنعت کا ہے بابار انہار
دہین ازہار و اثمار ملئے بار ہو اَلْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ وَالْحَبُّ
ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ فَبِاَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ سلطان العلما در بہاران زد مرگش دردی ست +
پشہ کے واندکہ این باغ از کے ست + اس گلستان کے دیباچہ ثنا مین اگر عندلیب خامہ ہزار زبان
بہم پہونچاے اسکے عہدہ سے بر نہ آسکے قلم ہو جاے لکھنا بار ہو زبان ہل کر آبلہ دار ہو اور گلگون خیال
ابلق ایام خصال باوجودیکہ تند و تیز رفتار ہے ہو سیجہ روح عیسی و طائر سدرہ وار روح الامین سا سبکبار ہے
الا اس گلزمین بوستان قدم میں لیلا کیا ہے فکر ہمدم قدم کم رکھ سکتا ہے خوف آسیب سے سانس ہم ہے دل مین بھی
گھٹے مین سسکتا ہے ہر روش پر چوک کر راہ بھولتا ہے دم بھولتا ہے ایسی سستی سوار ہے گویا سوسن کی رسن مین
گرفتار ہے او طوطی زبان کو اگرچہ طاقت گویائی ہے خدا نے قوت ناطقہ عطا فرمائی ہے مگر اس گفتگو مین کشمکش
ادب و آرزو سے ایک گرد و باختہ کا حال ہے ہاتھون کے توتے اڑے ہین لال ہے انگور زخم آئے ہین
گویائی کے لالے ہین اور فہم فربہی اثر اسیر نہال ہے کہ جو بھی جودت نے خود رائی سے نافرمان
نبکر گلہاے مضامین حمد کو مثل بوٹے اکسیر اثر لالا کہ اس غنچے مین خار من لگا یا تو مرحم کہنہ نے آکر
زمانہ سجدہ طور شعلہ نور باغ فناک بھڑکا کر تودہ خاکستر بنا سے سعادت اثر بنایا اس مقام پر چراغ عقل

ذی قوت ہے سو کور باطنوں کا کل بیوقوف بیوقوف کہ دن سے انکھوں میں جالا چھایا ہے اون بھولی
ان تباخسانوں میں سمجھتا ہی بالکل ہیچ ہے جب نبیوں کے کہ اے مالک ما عرفناک حق معرفتک ہیں ہم
سے برگان وادیہ جہالت کو کیا یارا ہے بیان ہی سکوت شایان ہے

نعت سرور کائنات مفخر موجودات باعث خلق عالم فخر آدم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اے احمد مجتبیٰ علیک الصلوٰۃ مقصود بل الیٰ علیک الصلوٰۃ کا فرمایا اللہ کہ گویا احمد ہی ہادی عالم
علیک الصلوٰۃ سخن سنجان خیالدان پنج کنج خانہ وباغ میں نقد عقل و ذکاوت کے لوگ رکھتے ہیں کیمیاے
نعت سرور کائنات کے حصول میں کہ درحقیقت آن حقداروں کے حق میں اکسیر ہے اتنا اوقات سوختہ اور
رنج سہ سکتے ہیں کہ خاک ہو گئے ہلاک ہو گئے ماشاء اللہ اکسیر ہی بھر اکسیر مطلوب سے زر عادت خاطر خواہ
میران سے رہے ہیں کہ کانٹے سے باریک تر ہی نہ تولا اور صرافان بازار گفتار جنکی دکان فن میں یہ اہم درک
کما تو انہیں انبار ہزار در ہزار بلکہ بیشمار ہیں وہ بھی اس کیمیاے باصفا کی تلاش میں کہ فی الواقع انکے
واسطے اکسیر زندہ کن دل مردہ ہی سر خیال کے بل ایسے مرحلہ پیماے صحرا سے دشوار گزار ہیں کہ ماہی اور
درہم وار ہو گئے پاندی سے گنجے ہوئے ہمہ تن وا ندار ہو گئے تاہم ایک ذرہ گرہ زبان سخن سرا نہ دہن میں کلا ایک
تاریک گھری نہ کھولا اور جو کبھی کسینے باعانت فکر کہ مثل عقل اسکا کچھ ذکر نہیں وہ واقعی اور بہ ہزار کاہش سے
شاید بقدر پا لیا ہو ہی ہیچ صفت بدرنج دگر بہ تمام پہونچائی تو من بھر گیا سیر ہوئے وانہ بھر بادام رنج و رکا ڈھیر ہوئے
گویا سنگ پارس یا اکسیر ہاتھ آئی بیہوش ہو گیا رستے بیت کا دم بھرنے لگے اپنی تحریر و تقریر پہ مرنے لگے بیشتر تن تراز و
ہو کر پلے پانو وا آپ کو سنجیدہ فہمیدہ نکتہ بینیوں میں چیدہ سمجھ کر بڑھ بڑھ کر بولنے لگے پانوں سر کی بھول کر
گجھڑی کی پگڈنڈی پہ چلے شاہیت اوج خرد کے برابر خود کو تار کر دے تو سنے لگے ذلیل سے راہ پیدا کی
اپنی بات کے طلبگار ہوئے امید ہے اور جو اسپر کبھی بوجہ الوہیت میری طبیعت نہوں اپنی تعریف
میں آپ لب کھولے انا حمید کی ہانک بولے گدھے کی گون میں نوست کاہو کا اتنی سی فہم پہ اتنا
پھولے ایسے بھولے تھے پر یہ اس عقل پہ پیا بھید تھا پھیری یہ جانتے ہیں تاہم عالم کی دانائی و بینائی
ازل سے ہماری بانٹ میں آئی ہے ایسی کہ اب ہم ہی ہیں یہ عاصی ان سخن سنجوں کا ہم سنگ کیسا

ہم پلہ پاسنگ نہین بات کرنے کا ڈھنگ نہین پڑھنا لکھنا خاک نہین جانتا کون چیز ہو بقول مشہور ٹھیکرے پر لکھے نام محمد فاضل الف کے نام بے نہین جانتا اکیا تمیز ہوا الا چونکہ اعانت رب العلی و استعانت صاحب لولاک لما شامل حال ہی لہٰذا اس تحریر کا خیال ہی رب یسر و تمم بالخیر رباعی اے صاحب لولاک لما خذ بیدی ؎ دوران بسر ہم ریخت بلا خذ بیدی ؎ فریاد رسے نیست کہ فریاد برم ؎ فریاد رسا بہر خدا خذ بیدی

مخمس در ذکر معجزات آنحضرت صلعم

الٰہی کس شاہ دو جہان کی یہ نعت آئی مری زبان پہ ؎ کہ جس سے تحسین و آفرین کا بلند ہی شور آسمان پہ
ثمر شجر شاخ غنچہ و گل تو لوٹے جاتے ہین زعفران پر ؎ صبا جو کہتی ہی واہ واہ تو ورد سوسن کی ہی زبان ہے
درخت سب لیکے آب زر گل نثار کرتے ہین باغبان پہ

صدا یہ بلبل کی آرہی ہی کہ مرحبا شاد باش شیون ؎ فدا اگر دل تیری گفتگو پہ ہزارون جنت کرورون گلشن
چہک چہک کر یہ کہتے ہین تمام مرغان باغ مسکن ؎ بھرے چمن بند باغ عالم گل مطالب سے تیرا دامن
شگفت کی جا ہی ایسی چھیڑے یہ کیون ہین محو اسے نیک جان پہ

اسی تفکر مین تھا مین بیٹھا کہ کہا وہ کھا یہ سروش غیبی ؎ کہ اے تغافل شعار نادان کدھر ہی ہر آسیمہ سر یا
خیال دل مین تو کر ذرا تو کہ مدح آئی ہی لب پہ کسکی ؎ یہ شان و شوکت یہ عذب و لذت ملی ہے تو غیر کو یہ ملی کبھی
ارے یہ وہ ذکر ہی کہ جسے تو کیا ہو خالق کی ہی زبان پہ

یہ نعت اس نور عرش کی ہی جو عین اعیان دو جہان ہے ؎ ہما کے مانند جسکا سایہ پری کی نظرون سے بھی نہان ہے
ہوا نہ ثابت ستارون کو یہ کہ سایہ اس نور کا کہان ہے ؎ کہان مہ کیسی کسکو اس ہوس مین فلک پہ خورشید جو عیان ہے
بہت سی کی دوڑ دھوپ اسنے ملا نہ پرچھائین کا نشان پہ

وہ باغ اعجاز مین کھلائے جو دیکھے شداد خار کھائے ؎ مقربو ست کا ہو سے حضرت کی جنت اپنی کو بھول جائے
جو دیکھے عیسیٰ تو بنکے بلبل چہک چہک کے یہی سنائے ؎ نہ کیون یہ باغ خلیل کو اب یہ آتش عشق یون جلائے
کہ ایک گٹھلی جلی ہوئی سے لگے شجر وقت امتحان پہ

کہ ایک انگشت کے اشارے سے بخشے مہ کو دو تیغ تیران ؎ گئے بتایا البو نے اکدم مین مہر کو نوش بر سفوان

سے گیا مشت خاک سے بند شعلۂ کین نار فوج گبران | گئے کیا حکم نطق فرما کے سلک نیرون کو گوہر افشان

کہین فراخی یہ دی کہ تھا شبہہ خوان رزق کا خوان نا تمام

تبارک اللہ فلک کو وہ بخشی مقدم سے سرگرانی | کہ آگے کرسی کے پیچ چارم نے کی قصیدہ فخر بالا خوانی

سپہر اول نے سر اٹھا کر کیا تھا دعویٰ لامکانی | رواں تھا کیوان کی بھی بان پہ کہ میں ہوں پیر جہاں آسمانی

مقابلہ کو تھا فوق تاثیر خط تثلیث روشنان پر

لراب دل اندازِ شیون دورن سینہ بشن بلبل | ہزار عشرت ہے شاخ غم پر نشید نغم و سرود غلغل

ہوا ہے بال امید سے کہ چراغ غصہ فراغ یاس گل | کہ تیری شاخ مراد دین کو کریگا سرسبز بے تامل

وہی کہ ہیں ذی الوفا یہیں کہ سنگ خارا آستان پر

مسدس بتذکرۂ معراج شریف

شب فکرت میں ہیں نور تحمید کا ظہور | لیلۃ القدر کی ہے کاکل شب قائم کا نور

جوش سودا ہی مجھے بھر کا ہے شب رنگ شعور | طایر فکر سویدا میں ہے رنگ دیجور

نکتہ حیرت کا لکھے گر بفراخی دل تنگ

ابلق لیل و نہاری میں ہو سکتے کا رنگ

عالم نور ہی کو شب میں دیے ہے حیرت | میرے اللہ ہی کیون بدلی ہوا کی نکہت

دودہ لیل ہے دید میں گھٹا کی صورت | پانی پانی ہیں ستارے دھوان دھار آنکی جہت

حرم ولیہ ہے وہ نور تحیر کا دور

سیہ پوشش ہو پڑی کعبہ کے اوپر جسطور

اس سیاہی کو مگر خال سویدا کہیے | خون سودا دیت زلف زلیخا کہیے

آبرو چشمۂ ظلمت و خضر یا کہیے | حجر کعبہ کا ہے سنگ سرا پا کہیے

اور یہ کچھ نہیں تو تو سیہ کار و مغموم

روشنائی یہ سیہ نامۂ اعمال ذموم

چھپ ہوں میں خانۂ شب میں ستارا ہے تصویر کا ڈھنگ
کہوں تشبیہ میں اسکی وے روشن اس رنگ
شیشۂ دل میں بھرا ہے مگر اشب یہ آہنگ
کھاتا ہے قافی بھی مقابل کی ہے دل کا زنگ

مشک کافور ہوا اور نور و خانی بن جائے
حبش ہو جائے حلب آئنہ پانی بن جائے

یعنی یہ شب نہیں غافل ہیں جلو ریز بلال
نجم ثابت نہیں یہ دانت ہیں انجم کے مثال
لکھتے ہیں پیشانی کا ہے انکے نہیں بدر کمال
کہکشاں یہ نہیں ہے سمجھو روانہ خال

اور لپٹ ہے جو ہوا میں یہ گل شب بو کی
ہے بس انفاس میں خوشبو دم اللہ ہو کی

ہے یہ وہ شب کہ گئی جس سے سیہ چال بدی
سنکے یہ دل سے کہا میں فرزہے بوالعجبی
کالانعام کالکواب مدحت معراج نبی
وائے برباد برین غفلت و این تشنہ لبی

مرحبا اے شب لیلائے رواق شبرنگ
حبذا اے شب سلمائے براق شبرنگ

بولا دل خامۂ آہوئے ختن کی خاطر
آہوگیری کی خطر خامہ ہرن مو ہو کر
شیر سر ہوں نیستان قلمدان کے سر
لسیہ گوشوں میں قلمدان کے لگا چھپنے مگر

نصف شب جب بجا گھڑیال تو چپکے سے نہنگ
وقت تھا چلتے ہوئے آخر او ٹھا چھوڑ پلنگ

آگے خود قرب قلمدان اٹھایا جو قلم
بولا خامہ سنا پابند سیہ حال الم
چاہا کھولوں دہن نافۂ دوات و سم
تیز دستی نہ دکھا بار ہے میں اگر بس تھم

ہو نہ ایسا کہ تری تیغ زبانی بٹ جائے
اصفہان سیف زبانی کو تری ٹن کٹ جائے

ہاں مرے ضیغم میدان شفاعت طلبی
لینا ہیں اسد اللہ تیا تشنہ لبی

بخشو وہ جام مجھے خبستن مطلبی — ہو مسدس مین مرا نام شبیر بن لقبی

شعر وہ ہون کہ جو یہ بصفت آہو گیا ہین
نشے ہوجائین ہرن پہ کڑیاں چوکڑی بہائین

بارک اللہ شب معراج شہنشاہ حجاز — پردۂ چرخ تھا سامان سما سے دسا
تھا ستارون مین بھی اسرار کا سارا انداز — دست بستہ تھی ید قدس براہ آواز

جبکہ ہاتھون سے حنی نوبت آرائش زا
آستین کے چلی کوسون سے گل مثل صبا

باد زات کی تو ہوا خواہی سلیمان کو ملی — دم عیسی کو ہوئی خدمت جاروب کشی
آبرو خضر نے چھڑکاؤ مین ساری پائی — مشعل افروزی مین موسی کو ضیا ہاتھ آئی

گل رخسارۂ یوسف نے بچھائے قالین
چاندنی چشم سفیدی کش یعقوب بچھین

بسکہ سادی ہے طبیعت دل شیدا کی مرے — دور تعریف براق رم جو جی مین تھی مرے
انجا کل شیشۂ فکرت رنگ کلفت سے — گھوڑے سے کاغذ کے یہ دوڑائے کچھ مین لکھے

قلم تیزرو کشا کانپ کے جون رات کو چنگ
کاغذ دست ہوائی ہوا جس طرح پتنگ

جب گیا دل سے فلک کو وہ گذر کر آیا — لیس ہذا البشر چرخ کمان چلا آیا
قدر انداز قضا گوشے مین چھپ تھرایا — تیر اخضر یہ جگر کھینچ کے لب پر لایا

زہ کبادہ کش تو مین حدوث اور قدم
دونون گوشے سنحر اکیا ہی ملا سے باہم

چوکیدارون نے جو پس عرش کی دیکھا رفرف — چھوڑ کے کوچے چلے تخت کے رخ باندھ کے صف
دیکھی ونگل مین جو آئینہ وہ رحل مصحف — ابر ہونڈھون پہ اٹھائے اترا کرسی کی طرف

لگ گئی پیٹھ پلنگ سے اسد گردون کی
سات سیڑھی کہین حمل جبکہ یہ چرخ دون کی

طائر سدرہ رہا باز تو بڑھکر وہ ہما
استوا سے ہوا فائز بمقام اعلا
قاب قوسین او ادنی کا جو دم تیر آیا
نکتہ ما کذب الفواد بھی معلوم ہوا

ہٹو الگو اجو ہون منکر تو کرو منہ کالے
چشم مازاغ بصر مین بھلا شبہہ کیا ہے

تھی شب رونق معراج شہ تکوینات
مشکل لوح قرآن چرخ کے سارے طبقات
کہکشان مین بسم اللہ کی شان تھی آیات
سورۂ فاتحہ تھا اخضر اول بصفات

پوچھو ایمان سے تو تھا مصحف گردونکا وہ رنگ
سورۂ نجم تھا ہر نجم سر ہفت اورنگ

قاضی چرخ پہ تھی سورۂ لقمان کی شان
اور مریخ پہ تھا سورۂ توبہ کا نشان
سورۂ نون و قلم منشی چرخ گردان
لہب و ناس و نسا زہرۂ و ہندو کیوان

گیسوے لیل پہ تھا سورۂ واللیل کا نور
سورۂ نور و قمر کا رخ مہ پر تھا ظہور

عزم بالجزم ہوا چرخ کا جب مد نظر
رکھا اقصا مین قدم منبر تشدید کے سر
ہوئین شادی سے مغنین صوفیون کی زیر و زبر
مثل اعراب ہوے انبیا سب پیش نظر

یون ہوے کرسی کے اوپر متمکن حضرت
جیسے ہو آیہ کرسی مین جلوس برکت

ہفت طبقات فلک ختم ہوے زین عشر
منزل مصحفی ہون حافظے سے حسن صورت
بلکہ یون پہونچے وہ برخوان خلوص دعوت
جیسے لکھا ہے مضاف آ گئے اضافت کی جہت

لامکان کی کرے کیا ذہن مفسر تفسیر

یعنی حرف مقطع کا خدا ہی ہی خبیر

حافظ نے ترے حفاظ کو مار اشیون
ختم قرآن کیا اس بحر مین سار اشیون

پانی پانی ہی جگر قلب ہی پار اشیون
واہ دریا کو ہی کوزے مین اُتار اشیون

پڑھین اس بحر مین کید و مجبر یہا حافظ
کوئی اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ

منقبت اصحاب کرام و آلام تبت رسول انام صلی اللہ تعالے علیہم اجمعین

اور جنکی شان مین مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا فرمان پروردگار ہی اُنکی منقبت ہر فرد بشر کو درکار ہی لیکن یہ نکتہ سبکو معلوم ہی کہ انہین کے اوصاف مین حکم اصحابی کالنجوم ہی ثابت ہی اگر یہ بدر شجاعت بہ تیغ ہلال سیاست جانب ظلمت کفر مائل بروشنگری نہوتے تو ہمسے کور باطن کیوان سیرت بے بدھ زمانہ کے سنیچر نیا کے مشتری نہوتے حضوصًا جناب خلافت مآب صدیق صحیفہ صدق و صفا فاروق مجمع شہور استلاغنی خوان معنی و نیر برج اِمقضی علم و عملی تا ابد ساقی کوثر شکنندہ در خیبر بوتراب کرم اللّٰہ وجہہ جنکی یہ ادنا صفت ہی سے شاطہ ولایتش از زیب گر شود اعجاز عیسوی کند آرایش ضمیر گیر و بہر دوست سر خود اجل زبیم جائیکہ عمر ہر تو کشد خنجر تبسم تیغ میغ مرگ بارندہ احسان غفمان آرندہ اگر بہ گردن دشمن پھانسے کو رفت تو جہنم ہی تو وہ شاہد مراد دوست کو آئینہ رخسار ارم ہی توسن وہ کہ جسے ایک عالم دُلدُل کہے چمن طاقت کی بوے گل پریشان کن گوش بلبل کہے اگر ایک نکتہ انکی صفت کا تحریر کرون اشہب قلم قدم قدم پر بیدم ہو کر اسکندری کھائے پا بہ باد پا ہوا مین اگر منھ زور ہو دو روہی ملکمائے سبحان اللّٰہ وہ رفتار اُس نسیم بہار دُلدُل کی پوٹی مین فراخی عرصہ دہر تنگ سرسٹ مین پا کمیت خیال لنگ کچھ ابلق ملیل و نہاری پر موقوف نہین سبز چرخ اخضر نے اکثر سر جھکا کر وقت عنان گردش ایک قدم برہنہ پہونچا مال کا رشل بیزرال بلبلا چرخہ رشتہ دم توڑ کر اڑین ہوا کا دی لگا نا ہمسے دل تنگون کا روند ا بھول کر تبلائے صد محن ہوا یہ تمام و صاف ہی اگر نہ شبل سطے ساخت اند الملجم سمند

بکامی رہا و بطبع شرنگ لیکن کیون نہو ع زہے شاہ مرکب شہسوار + جیسا یہ سازو سامان کیا تھا و شاہان
افسوس جز کمی بخت کیا تصور کرون اور کیا کہون کہ ایسے آفتاب عالمتاب کے سایہ مین رہکر نفس کی
زیادتی سہون محروم و ناکام و وڑتا وھوتا پہرتا اور بھٹکتا پہرون دشمن ایمان کی آنکھہ مین کھٹکتا پہرون سے
اے وصی رسول خدا بیدی + چند باشم ملول خدا بیدی + اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد و علی
آلہ و صحبہ بعدد معانی جمیع القرآن حرفاً حرفاً و بعدد کل حرف الفاً الفاً

عرض حاجت بدرگاہ رب العزت باستعانت جناب محبوب سبحانی حضرت شیخ الشیوخ غوث الثقلین عبد القادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ برکاتہ

اسیرم در پریشانی اغثنی غوث جیلانی | شدہ غم را فراوانی اغثنی غوث جیلانی
سبک کردم گران جانی اغثنی غوث جیلانی | بشد مشکل در آسانی اغثنی غوث جیلانی

مریضم با تو درمانی اغثنی غوث جیلانی

زدست غم در آزارم دریغا آوخ و دردا | بدام غم گرفتارم دریغا آوخ و دردا
مقدر کردہ ناچارم دریغا آوخ و دردا | بشفقت آہ بیمارم دریغا آوخ و دردا

اسیرم من بحیرانی اغثنی غوث جیلانی

ز طعن خویش و بیگانہ ندامت می کشم ہردم | زدست این سیہ بختی چہ شامت می کشم ہردم
برائے نام و ننگم ملامت می کشم ہردم | ز تیر طنز و تشنیعات ضربت می کشم ہردم

مشبک شد دل جانی اغثنی غوث جیلانی

بدام نفس امارہ گلو دارم گلو دارم | بقید حرص ناکارہ در آزارم در آزارم
پے زر خوار و آوارہ در افکارم در افکارم | بزندان تن خونخوارہ گرفتارم گرفتارم

فتادم نفس شہوانی اغثنی غوث جیلانی

غیاثا مستغیثا را تو ای غوثی بسوے حق | کنونم گرد نم بربان پیچ زق زق بق بق
چنان در غفلتم شاہا کہی باد آرش مطلق | کہ چون ثابت قدم مانم زمین و زنگ گھشت

کند این عقل نادانی اغثنی غوث جیلانی

توئی کان آب را از چاه تیره بیش بگرفتی … توئی کز فرط رحمت خویش جریش بگرفتی
توئی کو دست ملکوتی ز زر دسطیش بگرفتی … توئی قدم شفیع ما بدوش خویش بگرفتی

توئی محبوب سبحانی اغثنی غوث جیلانی

سبحان آورده نفس ما شها بهر خدا مددے … خدا هم کرده بخت ما برائے مرتضیٰ مددے
بقعر افگنده هوش ما بآل مصطفیٰ مددے … پئے خیر النسا مددے برائے فاطمہ مددے

کند ربے توکه ورمانی اغثنی غوث جیلانی

کسے بار زرسرے دارد کسے گوهر همی بارد … کسے بر حسن دل دارد کسی الفت همی کارد
کسے گریان کسے خندان کسے با عیش بگذارد … کسے درد و غم و رماند این ارد نه آن دارد

مرا بانست یکجانی اغثنی غوث جیلانی

تو درمانی همه دردے تو گرد و نی همه گردے … تو خورشیدی همه بردی و لیکن با دم سردی
همی گویم بصد دردی خدایم اینچنین کردی … که و رپش و پس مردی نگیریم از کسے مردی

همین خواهم ز سبحانی اغثنی غوث جیلانی

وران وقتیکه مرغ جان کند پرواز سوے آن … بخوانم خرم و خندان که اشهدان با ایمان
رسیدم اندرین مکان که هم سودست و هم نقصان … خداوندا چنان گردان که گویم از لب القان

شدم کشتی طوفانی اغثنی غوث جیلانی

کشند تا کے بلا شیون خدا را سایهٔ افگن … که گرود و دانست دامن بذیر و زیر او مسکن
رها از سیل جسم و تن نهد زیر قدم گردن … کند با این و آن من ز سوز خویشتن روشن

همین کامد پریشانی اغثنی غوث جیلانی

تذکرهٔ چند سطور راقم داستان ژولیده بیان

پیتبلا رنج و محن و لفتش بردار ارباب سخن سنجدان بینه و هن متوقع عنایات لم یزلی محمد جعفر علی متخلص

پشیمیوان شاگرد نظم ناظم قلمرو سخنوری ملک الشعراء امثال سعدی و انوری شامل ہین شعار آشنا تقطیع سحار و واقف رموز شعر گوئی و مضمون بندی کاشف عقود سخن فہمی و مشکل پسندی شعراکے فوق مولوی محمد محی الدین خان صاحب ذوق شاگرد رشید مخترع طرز شعر خوانی آغا نوازش حسین خان صاحب عرف مرزا خانی متخلص نوازش کاہی جنکے اشعار شکر بار ہین اگر کوئی ایسا نا متخلص طوطی ہند تحریر کرے تو مثل بلبل تصویر نقشہ پیدا ہو ہزار ہزار شیدا ہو بلکہ اصل یہ ہی اصل ہو جاوے جان چہاپی صفیر کرے مضمون بندی مین شعر فارسی ہندی کا ڈھنگ ہے جسکی تلاش طرز مین ردیف و ہمسر کے اوہم فکر کا قافیہ تنگ ہے وہ سر اشنا ہے کیسا ہی طباع ہو تاب کر مر جاوے ایسا مضمون ہاتھ نہ آوے بحر علم و عقل کے شناور ہین اور تمیز بہت زبان و ذہن حسن رنگیں الفاظ نے انکے کلام بلاغت نظام پر حرف گیری کی منہ کی کہائی نوبت سر بگریبان آئی خفیف ہوا جو اس خمسہ سالم نہ ہے ندامت مستزاد سے ردیف ہوا اور نثر مین یہ عاجز نثار سحر گفتار رتبہ زبان ناسخ نثر اوستادان ذوی شکور نزدیک ور مرزا رجب علی بیگ صاحب سرور مرحوم مغفور سے تلمذ رکہتا ہے سبحان اللہ وہ بے نظیر فصیح و خلیق شفیق سنجیدہ گرم و سرد زمانہ دیدہ بستان عزلت گزینان برگزیدہ کسی کا انیس نہ تہا مگر ملاقات کا مشتاق ہوکر اگر بدا ندیش بھی جاتا اس انس سے پیش آتا گویا برسون کا جلیس تہا اور قطع نظر اس سے اس وزیر ملک الشعرا کا یہ دستور تہا جس فقیر کو بحالت نزار دیکھا فرط قلق سے بیخود ہوا چشم اشکبار دیکہا اسکا رحیم مزاج تہا بحر سخاوت سینہ مین اس مستوجب نعیم کے جوش مارتا ضبط نہو سکتا خوان و کشتی کے گھاٹ اتارتا باینہمہ کہ گردش سپہر بے مہر و زمانہ پر جفا نشتر زن رگ جان تہا مگر جہان تک کہ امکان تہا دیتا اسکا محسن ہے تا و دم سحر کلامی کے تو کیا لکھون کہان میرے دست و بازو مین طاقت ہے گو الطاف ایزدی سے زبان قلم مین طاقت ہے الا اگر فقیر یہ دعوی کرے بالکل خطا ہے کہ درگاہ عالم ایجاد سے اوس حد فصاحت کو تیغ زبان جلال بادشاہان عطا ہے **مولف** دو عالم کی دو ورقی پر جو حرف مدح جا پائے + بیاض صبح کی یہ روشنائی صاف اڑ جائے + میدان صفت بہت طول ہے کیا عرض کروں اسکے طے کرنے کو عرصہ درکار ہے مد نظر اختصار ہے کہ تہوڑا زمانہ ماضی و مستقبل کا حال لکھنا ضرور ہے نیا مذکور ہے لیکن یہی خیال دامن گیر حال ہوتا ہے کہ سامعین کی سمع خراشی نہو نکتہ چین حرف کا متلاشی نہو تو البتہ ایک

سخن ساز کا پردہ رازورپردہ اس قانون سے باز کردن کہ ایک دفعہ کے مطالعہ مین ان اہل ارباب نشاط
کا چنگ شادی سے تارتار ہوجائے دو سطرین کو حرف مطلب آئینہ وار نظر آئے بالکل صاف صاف کہہ نہین سکتا
سکتا خلاف کہہ نہین سکتا کہ آمین مدمقابل کی قلعی کہلتی ہے عیوب ہی بند بند لکھتا خوب
دست تحریر ریش ہے کہ جن حضور نے سرورپہ طعن تشنیع مین ذہن گندکی تیزی دکھائی ہے انکو کیا سوائی
جب آپ کے ہموطن پر اس غضب کا فقرہ چھوڑ نکا کہ آپ سے ہوا انہون نے چھوڑ کا کھایا یہ ہمراہ
آیا یہ تھی برباد کردی بادی ظرافت کی طبیعت شاد کردی پھر آپ سے کے مقدمے مین تو
بندہ اپنے طعنہ زن نہین پر غالب یون ہے کہ اگر حضرت کے اوستاد ظفر کرتے تو تیز جوہر شمشیر زبانی
کو اختر تاثیر بناتے گو کہ آپ کے نزدیک برج اسد پر ہے اپنی حد پر ہے گا وزمین دکھا دیتا آہو پری کا
مزا چکھا دیتا مگر جائے شگفت ہے کہنے والون مقام گفت ہے کہ اُستاد فصاحت بنیاد بلبل
ہزار داستان طوطی ہندوستان نے گلزار سرور پر باغ باغ ہوکر وہ رنگین تقریظ فرمائی کہ باغ و بہار
پر خزان آئی پھر حضور نے کیا سمجھ کے کلام سرور مین شاخ نکالی نکتہ چینی کی نظر سے آنکھ ڈالی چرخ
تازہ گل کھلایا کلی ہی وہ تھا آج یہ ماجرا نظر آیا کہ گڑ گڑ ہی رہے چیلے شکر ہوگئے شاگرد اُستادی کا دم بھرنے
لگے اپنی تحریر پر مرنے لگے یہ لیاقت اور سرور پر زبان طعن دراز مثل مشہور تھا اور نواب کا تیرانداز
ابھی کچھ کہون تو پیچ در پیچ ہوکر کیسے جھول جھال چھوڑ کر لکھنؤ سے سٹکیے اور پیچ نکہ آج کل آپ
کا بجز الکلام ہی لیاقت کا ڈر کھاہی فقرہ کا سقم تحریر پڑا یا جائے قرینہ لڑایا جائے پر منہ سے پائے اپنا
کھائے اے صاحب ابھی آپ انڈے کے ملوک ہین وہی دن گذرے ہونگے کہ دولتخانہ سے قدم خاک
فرماتے گلزار لکھنؤ کی بلبل و بلکہ عقل کے طوطے اُڑا سے ہمصفیرون کے لہان ترک مین یہان کی بات
مین لنبی چوڑے بانکے سب کے کرتے کھائے پرکٹی اُڑانے کو سر گریبان پشیمانی میانی سے آشنا اپنی دو خانی
کھڑکی جھانکی غالباً اگر چند سے یہان اڈا آپ کا اور رہا ہمصفیر پر بیز بیز بولینگے آپ ایسا تیز بولینگے
پر اتنا سمجھیے شعر کلاغے تنگ کبک را گوش کرد ✤ تنگ خویشتن ہم فراموش کرد ✤ اس مقام پر
یہ خمسہ جرات حسب البیان ہے خوب چسپان ہے جرات اب انکو مشفق جرخ شتل ہارنجی ہے

نباہ جو کرتے تھے لیل و نہار شطرنج بازی ... تن تب ... رحمن ...
حضور بلبل بستان کرتے نواسنجی یہ حضرت سلامت لیے منتظر آپ کو میان مشہور بنانا بالکل الو بنانا ہے
نصیحت کرتا ہون جرعہ نوشی مین اس جام دردآلام سے باز رہے ... عشق سے بے مدد والا کرے اپنی
گردن کو لم کے پھندے سے کہ دام شیطان جلساز دغاباز کا ہے بچکی رسے کہ ... فریق ...
جسمین خلقت کمیاب ہے دانا ہو تو اس فریب کی ٹٹی کے قریب نہ لٹکے مصرعہ مرا و ما نصیحت بود
سامعین اوج تمکین اور ناظرین بریشن کی خدمت مین عرض ہے کہ ان عقودہ بیہودان کی گرہ بار
کہرنی اور نکتہ چینی مین ایک ملیّی کی گولی دے پہری ہے لیکن بقول شیخ سعدی شیرازی شعر
ترسم نرسی بکعبہ اے اعرابی * کاین رہ کہ تو میروی بترکستان است * اپنی اکثری منزل کاٹنی پڑی ہے یعنی
تحریر اس پریشان تقریر کا لکھنا منظور ہے وقوعہ واقعات عرض کرنا ضرور ہی الّا یہ عرض کرتا ہون کہ شاید
اس بات سے دانا بدلین اوروں کی طرح ہاتھ بھی جہاڑین یا کوئی صاحب تندخوئی کی چہری
یا شہیر اگر اس پراگندہ خاطر کو ریختہ پرگردان کر دل لگی بازی جان کر لقوون کی گلی لقوون کی محفل
جن مین مون ... نامبرو گئی ہے دلکش کہہ کے ساتھ میری ... زبان لال بند کو کھول کر لیا تا
کے پرزے اڑاتے ہین بلند پروازی سے وہن کے جو سلے وطلے ہین اس ضعیف بازو پر بھی
طبع آزمائین عذر معذرت خیال مین نہ لائین لہذا از راہ حفظ ما تقدم کرتا ہے کہ جو تازہ مضمون یہ عاصی
عرض کرے اوسے تاویل شاعرانہ تصور فرمائین کس لیے یہ ناقابل اس قابلیت کی قابل نہین
قابلون کے غلامون کے مقابل نہین ہان اگر سخنوران بحر طبع کا مرزبوم خوش باشون کا ہجوم چھوڑ کر
چھوٹے لٹورون کی صحبت بہ نازاغون کی نشست مین جہان الف دنشر ہٹ کر پرے مین ہنس کھیل جاتے
ہین والا گہرون کی آبرو شل ہوتی چونکہ جانتے ہین تیلی تنبولیون سے تہر جاتے ہین خس دریکوہ
بو علی سینا الکو کا سنی کا سیل جانتے ہین توفیق غفور جوگیون کا بھیس کرکے یا ہو یا علی مدد کہتا ہوا جب
متصل مشہور اتنی دور مسافت دربار نصیب آفت جان کہ از مجبور ہو کر کے زرجہ جان کا فرکر کے
ایک ادھ ہڈی گاڑی کو صبر کر ڈیڑھون کی مٹی مین چیخ چلا جی پر کھیل کے ساری کٹریان جھیل کر جاؤن

ان کا بلی گھاگھروں کی مار کھاؤں تب تو قمر اس صحرائے پُرخطر میں پیر ماروں برہنہ پا لق و دق
عبد اس وادی پُرخار میں قدم آتاروں مگر نہ اے مہربان یہ پاپی کی کھیتی ہے کہ تم سے صاحب جوہروں کی
صحبت سے زرگر جھگڑ کوئی بات لیاقت کی دریافت کرکے ذہن کی آتا رہے یعنی فرودگاہ میں لا کے اس
مزخرفات میں بناہوں جیسا کہ یار عیار خلیق و متین و ذہین ظرافت پیما حکمت آشنا منشی محمد اکرام علی صاحب
حسرت نے جسکے نام جلادت نشان کو اگر ادب سے اسم شیر خدا کا تابع نہ ہو تو برشی جری بنندہ کے
آہو سے نظر کو قطعہ قرطاس کے لئے و سرمن بوچھا اور ذکر ظرافت جو تحریر کروں نام قوت نامیہ تو تختہ
کاغذ زعفران زار نظر آئے تماشائی ہستی تو شعبہ اس گلستان بخیر ان کو گلشن کشمیر سوچے ایک بار زبان
شعر کے بارے میں اس حرص الفت کو عجب دو میں مجھے ال یا حد پیمائش سے زیادہ ہلکان کیا یعنی ایک مرتبہ
چند اشعار کچھ چشتر کمترین نے محب ہمنشین کی خدمت میں پیش کیے گو بہادل دبیل کے حق میں کانٹے
بوئے دشمنی ہجاں خویش لی کہ آن و ہمیں امانت میں نے ودیعت رازیبانہ دل سے جھلکا کر باریکی سخن
کی داد فرمایا گرد آوری مضمون کی تیری تیز ذہنی ہی فنون کی ہے تجویں حاتم لی نہایت مسرت ہوئی
لیکن چہ خوش بود کہ بر آید بیک کرشمہ دو کار تکلیف کا کم پیس کرکے تھوڑی نثر ل نقشہ یادداشت بر عکس اغیار
صفحۂ قرطاس گو سہارہ کھنچیے تو غالب ہے تختہ مسطح دہر گشت وار سرسبز و تر ہے بے کھٹ تیرے نام کی
ناؤ ہمیشہ وارد و سند گو یادگار رہ کتاب ہے کتاب کے نام سے ہم لوگوں کے نشان کا جھنڈا جب تک قائم منزل بچہ
آفتاب رہے اس پایہ کی تحسین ہوں برہم کے مستطیر نے نقطہ وار پرکار سے یہ کڑی سنکے واجب العرض سمجھ میں
کیا کہ اے برادر حسن جیا یار اکہار دریا کنار آپ سے ڈانڈ میں ڈی کا مجھے کب یارا ہے جو کچھ فرمائیے بسر و چشم
گوارا ہے کچھ دن یوں ہی آئے سے بلے میں تلے ایک شب بعد نماز وتر یہ تکلیف جانماز پر پڑا سو رہا تھا کہ غفلت شروع
ہوئی خواب میں ایک بزرگ کی زیارت سے مشرف ہوا حصول شرف ہوا آس قطب دوران غوث زمان
کی سواری کا اہتمام خدام کا ازدحام اگر غلام تحریر کیسے تو حرف مطلب ناتمام سمجھا ہے الغرض کلام ہمارا
خلاصہ یہ کہ اس وقت احترام کو میں نے دوڑ کر سلام کیا آپ نے مجھ ناکام کو پہچان کر دو کتابیں حسرت
فرمائیں وقت معائنہ عجب کیفیتیں نظر آئیں جو دیکھا تو ایک میں بخط باریک نستعلیق لکھا تھا یا لقط المدکر تحریر میں کنجان

مانند نوشتۂ تقدیر مین ہنوز ایک ہی کتاب مطالعہ مین آئی تھی کہ سحر ہوگئی صبح کو خواب کی کیفیت اُسی
دوست کی خدمت مین حاضر ہو کر عرض کی اُس غرض آشنا نے اپنے مطلب کی تعبیر فرمائی تحریر فسانہ کی ترغیب
دلائی ناچار تابعدار نے اُسی وقت کمر حمیت ہمت درست دل مین باندھی فسانے کے بارہ مین
دوبارہ عرض پیرا ہوا کہ نیا کہان سے لاؤن جو حضرت کو سناؤن انھون نے فرمایا حکایت آذر شاہ
کوکب ہندی کی کہ سرور نے شگوفۂ محبت مین مجمل بیان کی ہے جسکی انشا پردازی کی تمنا لکھی ہے اُسے
تو مفصل تحریر کر بات ٹالنے کی نہ تقریر کر مین نے کہا ماشاء اللہ آپ جان بوجھکے بدنام کرتے ہین حق
دوستی ناحق تمام کرتے ہین بھلا تصنیف جناب سرور رونق انجمن اور تالیف فخر الدین محمد سخن کے
سامنے کہ یہ بہرہ ور دریا کو کوزہ مین بند کرتے ہین نکات مشکل پسند کرتے ہین میری تحریر کیا فروغ پائیگی خلق خدا مفت
بیوقوف بنائیگی انھون نے فرمایا نادان خدا کسی کی مشقت رائگان نہین کرتا تیرے بھی کلام مین مزا عطا کر دیگا
کسی بات کا لطف بھر دیگا اس بات سے دل مین ذوق کی ایک چوٹ سی لگی شوق لکھنے تمام صبح و شام
مین مشغول ہوا جد و جہد مین شمول یہ دل ملول ہوا ازبسکہ طبیعت وحشت اثر ہے کثرت تخیلات ہجوم مکدرات
سے دفعتہً قلب ماہیت ہو کے طبیعت سست ہوگئی نہ لکھنے پر عزیمت چست ہوگئی دست در آستین
ہو دستکش منجمد رہا پھر سے لکھنے کو جی نہ چاہا ایک مدت یون ہی تمام ہوئی کل امر مرہون باوقاتہا
اختتام گردش ایام ہوئی اتفاقاً ایکدن تذکرہ مجمع مین استعارہ تلمیحی آیہ کریمہ انی [illegible] لکھا تھا
کہ ایکبارگی ایک روشنی نہایت سفید و شفاف جیسے ستارون کے ٹوٹنے مین ہوتی ہے ہر طرف شائع ہوگئی
باوجود نصف النہار چمک خورشید کی مثل انوار سہا و سہیل اُس مقام سے کھو گئی گویا دھو گئی اور در و دیوار و
در بلکہ وہ سارا گھر منور ہو کر ہلنے لگا مارے وحشت کے دل وحشی ہلنے لگا خیال آیا شاید مجھ سے کوئی
بے ادبی بوجہ جہالت سرزد ہوئی جس سے یہ حالت سرزد ہوئی ہیبت مین کاغذ و قلم رکھدیا فرط
تحیر سے حیرت کا پتلا بن گیا دل مین ادھر ہی اندیشہ ٹھن گیا بعد لمحہ کے جب سر ہوش مین آیا لسان الغیب
جناب خواجہ حافظ علیہ الرحمۃ کے دیوان سے بطور فال تفتیش حال کی یہ مصرع برآیا ۔ حالا چو شد
مہیا ۔ کام دل خویش [illegible] ۔ آن کہ نصیب شام ۔ باشد کہ مراد دل سیاہم ۔ اسکے دیکھنے سے زیادہ تعجب ہوا

خیال خواہش دل مین دونا خلجان ہوا تشویش سا کچھ دونون سرگردان رہا بخوف تکلیف کسی
رفیق شفیق سے یہ ماجرائے غریب کہا ایک بزرگ کی خدمت مین کہ مصدر صفات ملکی ہیں
حاضر ہو کر یہ واقعہ حیرت بہ پردہ تذکرہ گذارش کیا انھون نے فرمایا یہ کوئی امر خلاف عقل نہین ہے بہتیرے ایسے اتفاقات
واقع ہوتے ہین اصل یہ ہے گمان فضل نہین ہے بلکہ اکثر حکایت عجیب سنائی تاکہ یقین خاطر نشین فرمائی اور کہا یہ
خواجہ صاحب نے تیری کوئی تمنا کے مکنون خاطر کی خبر دی ہوگی غور کر سوا اسکے کچھ نہ گمان اور کر اُس
ہادی کی رہنمائی سے دھیان آیا کہ اور تو کچھ نہین تیرے دل مین افسانہ کی آرزو ہے مقبولیت مضمر تھی
کیا عجب اسکی یہ خبر ہو اسی پردے مین بصیر و خبیر مکنونات مجیب الدعوات کی تجویز نظر حیرت گستر ہو
اس خطرہ سے خاطر خطیر پر خطر گونہ راہ پیرائی شاہراہ منزل مقصود کی سوجھی دور کی سمائی اُسی وقت سے
بعنایت ایزدی طبیعت نے وقتاً فوقتاً ایسی قوت پائی کہ تھوڑے عرصہ مین کہانی کہہ سنائی اسکا
عالم تحیر مین اسکا انصرام ہوا اسلیے **طلسم حیرت** افسانہ کا نام ہوا امید کہ شائقین نازک فہم ذہین اس
جملہ معترضہ کو شوشہ شاعری نہ تصور فرمائین بلکہ بمصداق قول الیقین لا یزول کہ مین نے صحیح صحیح گذارش کیا
ہے غلط بیانی کو سرمو بھی دخل نہین ہے یا یہ **قطعہ عرفی** کے گمان نبری کز برائے زینت شعر است ÷ بر اصل خواب
فرزوم کہ نیست این منظور ÷ لذیذ بود حکایت دراز تر گفتم ÷ چنانکہ لفظ عصا گفتہ موسیٰ اندر طور ÷ اور اُن
صاحبون کی خدمت مین دست بستہ عرض ہے کہ عیب بینی جنکی ملت مین سنت و فرض ہے کہ جو صاحب اسکا مطالعہ نظر
فرمائین بنظر چشم پوشی پیش آئین عیب چھپائین اور جو محاورہ مین غلطی خوگیری کی بھرتی پایا اور کوئی مقام گرفت پائین عاجز
کی وجہ ممنونی سمجھ اپنے جھگڑے ٹلین کاٹ کے بنائین گو جواز عیب جوئی کسی مذہب مین دید و شنید نہین
مگر ملت مسلمانی کے دشمنون سے کچھ بعید نہین باریک بینی امر محال ہے زبان جاہل کا یہ حال ہے سمجھ بوجھ کا
تیکھا نہین پر یہ تلاش ہے ہو عیب کہین سے سمجھی تو واہ واہ ملی ہو گر نہ فہیم پر نگاہ کی اور راقم تو عذر لیاقت تقصیری
پیش کر چکا ہے بار انکا سر دھر چکا ہے یون زبردست کی رضا سر ہے زیر دست لیے پھرے خواہ مخواہ کوئی
صاحب جالک آدمیت سے ملکر بنائین ورنہ اے مہربان اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِّنَ الْخَطَاءِ وَالنِّسْیَانِ
جناب کرامت مآب جنید زمان شبلی دوران الحاج مولانا مرشدنا مولوی محمد تقی علی صاحب دام اللہ برکاتہ عامل بالعلم

عامل کامل ناکتہ سنج ہین ہنر ان کو نہین ہین یہ صاحب کشف زبدۂ ہیچ گنج ہین گو ہین تو بالکل یہ نثر ہین
کامل ادراک ہی مگر یہ نقیہ مین خطہ کی ناک ہی آئی ہے جب تک ورد و آورد ورق گردان بیاض لیل و نہار ہے
یہ مخزن علوم برقرار بالاقتدار ہے سبحان آمین یا رب العالمین مؤلف سرفسانہ بعد حیرت از آن کنم
ترقیم ؛ کتاج نشان و شکوہ است فرق را کہ ہیم ؎

زمزمہ ریزی خامہ و زبان کی شان انگیزی آغاز داستان شادی و غم ہوا مان کی عاشق ہونا نگار ارم شاہزادی مصر زلیخا کیش کا تصویر نگار عالم شاہزادہ ہند یوسف منش پر اور عارض ہونا ہزار ہزار آزار کا اوس گل بلبل وش پر

طلسم حیرت افزا نقش نقش سحر خوانی ہے ❊ یہ تسخیر ہر دل سوختہ کی یہ نشانی ہے ❊ عجب شکر فشان مضمون ہے جسکو کوہ کن شیون وہان گور سے کہتا ہے کیا شیرین کہانی ہے ❊ شکر آن جا و تحریر و شیرین زبانان نبات تقریر نیشکر خامہ کو با آبیاری دست نادر نگار کہ ہر صنعت کردگار کا نمونہ ہے صناعی مین یدطولیٰ سے دونا ہے کشت زار قرطاس پر تخم داستان نو رس کی گرہ کشائی مین یون کشت کرتے ہین کہ سر زمین عرب مین جو شہر ہے وہ چار بلاد آباد کا کچھ حساب نہین کرورون کا ذکر ہے کہ سب مین اللاثانی ہے کتابون مین قسم ہے ہند سے اور جہان تک آبادی کی نشانی ہے یہ خطہ معموری مین وہی حسن مین بستان گردیم اُس شہر کا وادی حسین بکسر اعلیٰ و سر دفتر ہوشیاران شگل ہے جبین ہے سیاق غمزہ کا مشتاق شوشۂ نور کا اطلاق ضرب المثل حوران علیین ہے چہرہ و مقابلہ ماہ و پروین کو ہر زہرہ جبین کا ہے تتمہ حسن یوسف نمونہ خلد نہین کا ہے صباحت و ملاحت کی ندی اُسی نور کے سوتے سے بہی ہے جسکا بخت بیدار و طالع یار رہا ہر آب و ہوا اُسکی کھاتا ہے شوریدہ سری اپنے سر سے ہی ہے حبیبان لعبتان سنگدل ستم شعار تفریق وار اُسی سرزمین کے پہاڑون سے تراش کے اطراف اقلیم مین تقسیم ہوتے ہین عجز و نمائی اوضاع معشوقانہ بے سروپائی اطوار عاشقانہ بلا پیچ و مری اور دام صبح و شام وہین تعلیم ہوتے ہین کسی وقت مین وہان کا فرمان روا کیوان توان نشان عدل کا باقی رکھنے والا حرف ظلم بیاض لیل و نہار سے مٹانے والا سپہر سریر عطارد دبیر وزیر والا تدبیر تھا بے عدیل و نظیر تھا اُسکی عدل و داد سے چرخ جور پیشہ بیداد نکر سکتا حیلہ گر آستانہ نگ آستان سے سر بکر آتا وہ عظمت و شان تھی کہ آج تک ماہ و مہر سریر روشن و سیارون پر ثابت ہے

قطب نیر اقبال کی چمک سے تا ابد دم ساکت ہی پاؤں ایسا کہ ہنگام گہر افشانی ابر فیضان عرق
انفعال سے پانی پانی ہوتا چہرہ سفید صورت بہلی نظر آتی اشک حسرت سے منہ دھوتا وقت عتاب جگر مریخ
بخوف تیغ خون ہوتا ہلال کو بسبب تیغ غضب کی دہشت کمال تھی عریان دیکھکر سرنگون
مثل نون ہوتا خورشید پانیزہ شجاع فوج کا علمدار صدہا بادشاہ فلک بارگاہ خراج گذار نام نامی اسم
گرامی اُس فریدون تخت کا سکندر بخت تھا کوہ وقاران بادیہ وہر پر اُس نرم دل کا رعب ہیبت
تھا نام کی یہ صولت اگر وار لبے سنی اس پاسے لرزہ آئے ہجوم دربار کا وہ حال کہ سوا اُسے
ایکبار سر کے شاہ سمرقند و تاتار کر رنہ بات کہنے کی بار پائے وقت مجرا پشت کو خم کرنے کی جگہہ نہ تہر پائے
قندھار پائے لشکر بیحد و بیمر کبھی انتہا حیطہ شمار سے باہر اگر ایک صف کی صفت تحریر کرون تھوڑے عرصہ مین میدان قلم
کیفیت جنگگاہ معرکہ ہائے نامرد کشندہ ناتراشیدون کی رقع بر صفحہ قرطاس سے تمہید پاؤن اٹھائے دہشت سے
تھرائے جب وہ شاہ وسپاہ بعد فرزین باسپ قدم رکھتا عدو کی توکیا بساط تھی پیل فلک و فرزین سپہر کانپتا
عربدہ سازی و دغابازی بھولکر دم بھر چلنے سے ہانپتا کبھی کسی ہمسر نے سر دو زانو کیا تو شعاران
جہان نے فرق مروت بہ ہمسائی کیا اور جو کسی نے شیطان علیہ اللعن کی شہ سے رخ سوئی صف آرائی کیا تو
شطرنج مین ہٹا ایک پیادے کے ہاتھ سے لیے مقامات پر زچ ہوا کہ دست بردہ ٹیپا سکا شعلہ صمصام
تیز برق خیز سے کشور آبادہستی کی بستی جلکر انگشت ہوئی زیر سالین خشت ہوئی حکم نادری اُس صاحب تاج کا
ایسا کہ کوئی فرد بشر جان بوجھکر چور بدقماش کا نام نہ لیتا اور اگر لیا تا جاتا پیسکھیل کر کوئی زبان پر لاتا تو فوراً شمشیر
سیاست سے مثل خیار تر تراشا جاتا چار دانگ تحقیق امیر صدہا غلام آفتاب چہرہ نازک اندام مستعد
بجان نثاری وخدمتگذاری خزانہ کی یہ کثرت کہ بار زر سرخ و سفید سے گاؤ زمین کا سر نہ ہلا کلیجہ دہلا چرخ
روزمرہ کا وہ حساب کہ قارون کا گنج ایفا سے صرف نکرتا کم پڑتا اُسکی عہد فرحت مہد مین کسی
دل پر نقش غم کا زنگ نہ جمتا لہ چرخ اخضر تفتہ جگر کا دل سوخت ہو گیا کوفت ہوتا مخمل عیش اعزاز عیش
کی ناتری مین ہاسر دست خنگ سمجھتا ادنا و اعلا عشرت سے ہم آغوش عسرت سے بعید تھا ہر شب برات
ہر روز روز عید تھا اسکے عدل و داد کا پتلا وہ شہزادہ تھا آنکھ کی پتلی سایہ پر نور مردمان پر نیاد سے محسوس

وہ خطہ آباد تھا گرد شہر کے آبادی بیچ مین بازار جو پر کا شام اور نور کا تڑکا بالکل پکے مکان کچے بعید از
گمان تمام دانت کی گلیون مین ظلمت اڑی تھی تمام رات ہنڈیان سی روشن جنگلی وید سے لوگی کی بن
کیا ایمان پر بن آئے یکایک نگاہ وہ دل دو دل ویسے لینے کے دینے پڑ جاتے جگہ کی تلاش مین اون
گھاٹ سے اپنے گردن پر ہر ایک گٹھری تھی عجب نگ تھا پنجون کے بل چلنا ان کھلاڑیون کا دیکھکے
سپہر مرد بازکے چھلے چھوٹ گئے دنگ تھا انکی چال غور کر اپنی رفتار فراموش کرتا الٹے پاسے پیٹ کے
اپنی گردش سے تھم گئے انکا تماشا بصد جوش کرتا شب بھر گھر جلسے رہتے سب خانہ دار
اپنے اپنے محل سے رہتے پو پھٹتے عجب کھیل غریب تماشے نظر آتے ہر بین او چھے کا سے
دیکھے جل جاتے القصہ وہ صاحب افسر بجائے پسر ایک دختر رکھتا تھا برج عصمت مین تا بندہ
اختر رکھتا تھا اگر اُس مہر حسن کی صفت فقیر تحریر کرے تو خامہ بلبلون کی طرح اُس حباب چشمۂ
آفتاب کی یاد مین نالے بجائے فقیر ہر پر کیسے دوات مثل دیدۂ پر نم منھ مین پانی بھر لائے
چشمون سے تمنا مین ندی بہائے چہرے کو کہو مہتاب یا چشم چشمۂ آفتاب کہون تو ڈرتا
ہون کہ بے آبرو نہو ان ناگن لٹ کو مار آبی کہون تو مار ہمسری کا دم مارکے طبیعت کی لہر موج
مین آکے بل کی لے آبرو کو شمشیر کی ہمشکل کہون تو شمشیر اپنے بخت کج کو کھنچے مین پاکے درمیان مین
گھات کرکے سپر ڈھال کر روک کی یہ بے بل کی لے کاٹ کرے بینی کی ماہیت سے کما ہی آگاہی نہین
مگر ماہی چشمہ تمنا ہی نہین لب موج کوثر یا سلسبیل دانت قطرات آب حیات یا عکس ثوابت
میان چشمہ قدرت رب جلیل ذقن غ روشن مین لاجواب گویا تصویر غنچۂ نیلوفر درون آب یا تیر آب یا نقدہ
اختر عاشق در درج جوہر آفتاب آبرو دو مژگان گوش ساغر چشم ایسے ہین کہ دیکھے سنے نہین دو کشتیون مین
چند کانٹے انگریزی سینہ لال و وری دو قیمت دو شیشی شراب کے سکے نہین سینہ و پستان کے اوصاف صاف سیر صاف
بندہ نا محرم ہے بند بند لکھنا کیا کمر دو دم تسطیر اسکی بیر وہ وری سے لکھنے والے کو حیا آتا ہی چشمۂ نور مین نقطۂ حرف حباب
آتا ہی شکم و ناف غلاف اوصاف نہین صاف صاف ہے حوض کوثر کے بیچ مین بھنور گرداب شفاف
ہے جسم ہما ہے مین کمر نایاب جیسے چشمۂ خورشید مین قطرۂ آب زانو آبدار ہے کی سبیل غیرت وہ

کو شرابور زیر سلسبیل دم روانی آب روان خجالت سے پانی پانی اٹھکھیلیوں کی چال موج
طوفانی الحاصل ان بحر طرحداری شناورن اوج شہریاری کو صید بحری سے نہایت ذوق تھا مچھلی
کے شکار سے بہت شوق تھا بعض اوقات وہ قمر صفات یعنی شہزادی نگار ارم تکلذات جب جرعہ
نوشی ایاغ سے فراغ پاتی تو بہا ارم وزیرزادی کے ساتھ کہ رنج وراحت کی شریک تھی نہایت شمر بری
سیر دریا کو جاتی لطف صید اٹھاتی ایک روز بعادت معہود بساعت نامسعود دونوں بجرے پر سوار
ہوئیں آفت آسمانی بلائے ناگہانی سے دوچار ہوئیں صید گوئیں آپ ہی شکار ہوئیں یعنی بجرہ
جوار بھاٹے کی لہر سے اپنی حد شہر سے ایک نہر میں کہ اس بحر سے ملی تھی چشم عاشق یا ناسور دلی تھی
آ رہا گرداب بلا میں جا رہا ہر چند ملاحوں نے بیداری کو کام فرمایا بنسولی کو پیچھے دوڑایا مگر بخت خفتہ
نہ جگا اس سوتے میں وہ بجرہ ہاتھ نہ لگا ناچار مجبور ہوئے سبھوں کے نزدیک دریافت ہوا کہ زندگی
سے دور ہوئے نالہ کنان گھر کی راہ لی آگے تلاطم آب نے راہ ندی اب بجرے کے دو فقرے سنیئے وہاں سے
ملکر سرخاب رجا نب سیل اڑکر جہاں سے وہ چشمہ سار جاری تھا منبع فیض ایزد باری تھا دم کی دم میں اس جگہ پر
ٹھیکا لگا یا جری گت سے لنگر نے پاؤں جمایا طال اللہ فیفہ عجیب باولی جسکی چاہ سے زلیخا کی روح دوانا اٹھی دل
دیوانی تھی چاہ کنعان نشانی تھی داغ جنون سے یا دلیلی تھی جسکے بیچ میں فوارہ رخسار لیلی تھی بیچ میں
بارہ دری حسن کی بھری تماشائی کی بینائی میں تصویر آدمی بیاض چشم حور آبداری گرد سنگ مرمر کی چار
دیواری مرقع طور کا طور تھا مقام غور تھا اس محل پہ شیدائی روح شیدا اسمار نے کمند فکر قصر کی تابش نہ چشم
چشمہ پر حشر کی پانی کے بیچ میں قصر تابان تھا یا چشم پر آب عاشق میں خیال قد جانان تھا در و دیوار
قصر جنت کے آثار ستونوں سب بورے کے گویا نور کے کو چاپٹ کوہ کی اوچانی کرسی ایسی پائی عقل
غلام گردش پہ ہی کہ دور غلام گردش کس روشن پیچ ہے اور کمروں کے درجے اس درجے سبک حباب سان
تھے کہ معشوقوں کے کمروں کی عنقا کو آشیان تعجب بجرا وہاں پر ٹھہرا تو ان خشک مغز تر دامنوں
کا آب رفتہ جو سے تن میں آیا یعنی کشتی نشینان لب پر یاس نے شیشہ دل و آبگینہ
سینہ سے صہبا سے شکر کو چھلکا کر شکرستان بلبلہ وہاں میں ٹپکایا ترانہ شادیانہ فلک تک پہونچایا

ایک نہر کو جھانک جھک کے بولی بی خدا لئے آبرو رکھو لی گر اس گرداب بلا سے نجات ملی اس نگوڑی مین
ڈوب کے آبرو دوبانی تھی صدایہ مرگ ناگہانی دلی سٹا کر سو طرح کی بدنامی اٹھانی تھی ایک بھبک کے بولی
بندی تمام عمر کو ترگئی سیر سے طبیعت گردش دوپھر گئی خیر خواہی بربانی بڑا تھا نیل کا ٹیکا ماتھے چڑھا تھا
ادھر ہاتھ لاد دیکھو بدن پانی پانی ہو ابھی تک بو او سانی ہو جینی بھر پانی مین ڈوب کر مرجائے یہ بے آبرو
ہوکر انسان جان نگنوا سے ایسی سیر پر چار حرف ہین تمام زندگانی ایسے پانی مین نہ نہائینگے اگر
گران ظرف ہین دوسری ہاتھ مٹکا کے بولی کہ بس کیون ناؤ مین خاک اوڑاتی ہو ہزار ہزار گنگا نہائی ہو
یہ بھیگنے قدم جمنا مشکل کیا تھا جب سے عزم دریا سن لیا تھا آپ ہی تو چھیٹے دے دیکھے الٹی ہو ناحق
جان کھائی ہو اسے کہا جی بجا پانی مین جسنے ہاتھ مارا اسی کے منھ پر آتا ہی گفتگو سے کیا حاصل
دو گھڑی مین کھلا جاتا ہی اتنے مین اسی نے کہا ای بی ای بی ذرا ادھر دیکھنا یہ کیا نظر آتا ہی دیکھو دیکھو
جی لہراتا ہی وہ سب کی سب از خود رسیدہ ہوا دو ھر نگاہین دوڑانے لگین باہم موجین اڑانے لگین
وہی تشدد لپٹنے دوگانہ سے دوچار ہوکر بولی دیکھا اسی سے مجھے طغیانی ہی معلوم ہوا تیرا
آشنا اسکا بانی ہی یعنی ادھر دیکھو کیا خوب سیر ہے جگت آشنا نے چاہ جتا باولی مین کوٹھی
بنایا ہی میرے سے لیے سونیرے پانی چڑھایا ہی دیکھا صاحب بہت خوب ایک
شیدا کو آب شہرت مین ڈبایئے اسین بیچارہ سوتا ہی سب تیرے چشمون سے دریا
روتا ہی ارے جی احسان نہ مانیگی میرا پیرا مبارک ہوا کہ تیرا آشنا مدت کا ڈوبا ترا تو نے تو اس
رسیلے کی جستجو مین جی امان ڈول ہو کر کنوون بانس ڈبوا دئے تھے چاہ کے جوش مین کیا کیا
ولولے جتائے تھے وہ کھپ کے بولی چاتا نک جا تجھی کو یہ زیبا ہی یہ تکرار رہا ارم وزیرزادی
کے گوش گذار ہوئی بولی ہین کیا شور مچایا ہی کشتی مین طوفان اٹھایا ہی انہین سے ایک نے کہا
جی حضور کچھ نہین ایک عجب بات ہی باولی مین قصر عجائبات ہی پوچھا کہان کہا وہ داہنے
ہاتھ کے سامنے دیکھا کہا راست ہی طرفہ طلسم سے کم دکاست ہی بلکہ نگار ارم نے پوچھا
ہی وہ بولی خیر نخیر مگر عجیب سیر ہی یہ سیر دوست گھبرا کے بول اٹھی کہان اسنے کہا وہ سامنے آئی

چشمہ مہر کے دیکھتے ہی اس بحر حیرت کو غش آگیا عرق محبت سے بدن نہا گیا پھر سنبھل کر مشتاقانہ فرمایا
چلو قریب سے دیکھیں وہ بھونچکی ہو کر بولی آئین کیا خوب ایک نشد و شد ایک سے تو ہنوز نجات نہین
پائی دوسری سیر کی سمائی ابھی ہنوبی کچھ خبر کہان لی سیر کالی ہے آفت مین جان ڈالی ہے شکار رہی
کے بدولت تو جنجال مین پھنسی ہو اس جال مین پھنسی ہو اب بارہ دری کی سیر مین تیرا ہو کر
ششدر رہی ہو ملکہ نے لجاجت سے کہا ہین تجھے میرے دیدون کی قسم چلکر ایک نظر اسکو بھی
دکھا دے طبیعت وارفتہ بہلا دے وہ ماتھا کوٹ کے بولی کبھی ہین تو مان گئی جاتی ہون آج
جان گئی خیر بشرطیکہ مجبوری ہی خدا ہی کو منظور ہے مد و لنگر اٹھائین کشتی کو قریب شیش محل رشک پری لگائین
پا بزنجیر ہونا اُس تازہ تحیر یعنی نگار ارم آزاد دام تزویر کا تماشائے تصویر برق تنویر شاہزادہ
نگار عالم مہر منیر سے اور ملنا ناہید زہرہ جمال مشتری لقا سمی عشتال قمر نظیر کا اتفاقات تقدیر سے
جب سرم فرما وقت وہ رنے ہوے تیر ضیا بیستون افق سے تراش کر بحر پر خون شفق مین گر گئی اور خود تیشۂ ظلمت
مار کر در طلۂ مغرب مین جان گنوائی امد شیرین شام نے بادل ناکام زلف مشک فام آشفتہ کر کے ہمراہ دایہ
جردہ شب زورق ہلال اُسی جیحون پر خون مین ڈالی ملاحون نے حسب ایما کشتی قریب بارہ دری لگائی بہار ارم
بجرے سے اتر کے پیش قدمی کر کے جھانکی خالی پا کے بولی آئین آج کوئی بھی نہین سنسان پڑا ہی گو سامان سرای
ابھی آوئی نئے ہیں سجاوٹ دور کی خدا جانے کیا بات ہی خانہ طلسمات ہی وہ بھیانک لعل لی آولی کیون اتنا
خوف سماتا ہی ڈر کیا ہی دیکھین تو اندر کیا ہی تو آکہ تابندی تو جاتی ہی یہ کہکہا اندر چلی مجبور ہو کر یہ بھی
ساتھ ہو لی مگر جھجک جھجک کر بار بار دل مین یہ کہتی تھی کہ خدا خیر کرے آج دل بیدمعب دھڑک رہا ہے
وحشی سا بھڑک رہا ہو سبحان اللہ ایسے مکان رشک جنان کو کیا کہنا جسکی صورت ظاہر کا یہ حال ہو کہ
ایک نظر دیکھنے سے باطن کا دفع ملال ہوا اُسکے اندر کی توصیف تو بیرون تحریر و بری از تقریر ہو رائے
منیر بلند پرواز کی پست تاز تاریک تنویر ہی ادھر قدم اُٹھایا ادھر حسرت جہان کے پاکون اکھڑ گئے سراپے
خلد برین نے مرقع چشم مین نقشہ جمایا فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی کا مد نظر ہوا اشوق دید کا دیدہ
دل مین گھر ہوا جس طرف آنکھ اٹھائی اکون کی دو بری قطار یاقوت پروین بلورین کی چمک

جیسے پروین فلک پر ثابت ہوئی اپنے اختر کی لگی پاکر شہرت میں سہم تھا جھاڑ بیٹھی گلاس بقیاس مانند کے
روبرو مشتری کی دال نہ گلی خم فلک کی آڑ بیٹھی سقف کے مقمقے جو نظر آئے مینائے شیشہ بازنے سینکے
ہزاروں داغ کھائے آئینے خوش آئین اس درجہ مجلّی کہ دیدۂ اسکندر حیران وخجل صفا میں مقابل دل
صاحبدل میر دنگ خوش رنگ جسکے نظارے میں چشم امیر دنگ دیوار گیری کی جھلک اگر شاہد بتان
یا خازن علیین کو نظر آئے کول دل ہو جائے گھڑیں کولوں پر قرینے سے جڑیں جب گھڑی
انسان پاس جائے پہروں کھڑا رہ جائے ایک پل چھوڑنے کو جی نہ چاہے کھو جائے ایسا محو
ہو جائے دم بدم گھڑی میں ٹوک پڑے آواز معشوقانہ نادر زمانہ منت سے مت پر کھٹک کھٹک کر کلیجے میں
گھاؤ کرے سننے والے گھڑی ساعت ہوں یہ سینہ میں لگاؤ کرے ہیر ولبزی آمیز سنہری گھڑی
ہر کمرے میں ایسی لگی کہ اگر اس اسباب کی دنگل میں کوئی آنکھ والے تو پر تو چمک غیرت
برق آنکھ چھید کا دے شمشیر لمع دل البتہ مجروح کر ڈالے کرسی حاجت مدح میری نہیں نور بار
عرش برین کی ہوا حسن میں بھریں خاکی درجوں میں متعدد دھریں تصویریں کاتب قدرت کے
ہاتھ کی لکیریں شیشوں میں جڑی ہنگام تماشا جسکی دید سے تماشائی کا رنگ پیرنگ برآشفتہ پڑھی
گھڑی مقابل ہر گھڑی کے نئے انداز سے سونے کی کیلوں سے دیوار میں گڑی فرشی پنکھے
زرتار جھالر دار جو ہوا خواہ ہمائے باد بہار کا جھونکا آئے پیچ رنگے ہر درجے میں ٹنگے فرش رفعت کو اگر اطلس فلک
دیکھ پائے کم خواب آئے غلام گردش سے لیکر تا شہ نشین چھایا سائبان کے آگے کار چوب کیر کھنچا چلمن دل صد عجب
عاشق کا خرمن پردے کی بات نہیں کھلی ہی مژگان معشوق ہم پلہ کانٹے کی تلی ہر گلدستے گلزار ارم
کو ہنستے عطر دان غیرت شاہدان کشتی میں تھالیں کباب کی شیشے شراب کے چنے فواکہات کی پیالیاں
خوش رنگ نرالیاں تشتریوں میں گزک کولو سے میز جھنے مسند مغرق کو اگر تکیے تو یہی کہ اسکو
جیسے فرش شہ نشین پر بچھی آگے پیچوان ٹہرے آن بان کے دو مشک جواہر نگار مرصع کار زیر انداز مکلل
پر رکھی اگر ایک تک بیچے تار بست اسکا دم بھر لیجیے اس تماشے کو دیکھتے ہی یہ دونوں محو ہو گئیں اپنی
خودی سے کھو گئیں دیکھتے دیکھتے ناگاہ نگار ارم کی تصویروں پر جا پڑی عین نظارہ میں نگاہ

یعنی اُس مرقع مین ایک تصویر برق تنویر قلق سے جیسے گل بلبلون مین فوج مین شاہ شمع
پروانون مین ستارون مین ماہ نظر آئی آفت تازہ سر پہ لائی وہ چار ہوتے ہی فقتہ بگڑ گیا طرفہ اسمین
آنکھون مین پردہ پڑ گیا ہر چند بالا اپنے کو سنبھالا مگر ٹولف سے دیکھتے ہی عجیب حال ہوا جا سے ہلنا اسے محال ہوا
دونون آنکھون مین اشک بھر لائی آفت کی آواز تا لب آئی سر اوٹھا لب چبا کے فرمایا اے لوہنے تو آگ کی
بھڑکایا مہو سیار ارم وزیرزادی اسکا جواب دینے پائی تھی کہ فلک بہروپئے نے رنگ بدل اور ہی صورت دکھائی
یکایک چارطرف سے سائین سائین کی صدا پیدا ہوئی باد تند ہویدا ہوئی ان دونون نے تحیرانہ جانب طلسمیانہ نگاہ
کی تو کیا دیکھا کہ ایک تخت مرصع کار پر نقش و نگار شکل ہوا دار مثل طایر پرواز مین جا بہ سر بزر دونے زمین پر آتار ہی اسپر
ایک سیپارہ ہی محمد اکرام علی خان صاحب حسرت سے کرتے رہین دو ڈھونڈھوں ان بھر یہ پرسا دن سی گلچنبر
صورت بلقیس ثانی اہل تخت سلیمانی پر سوار جھپ ساتھ عورتین جلو تمکر از قرینے سے قطار قطار ہمراہ مثل انجم گرد ماہ
جانب نشستگاہ روبراہ ہیں دونون بندیانگاہ مین مجبرد نگاہ وزیرزادی جانکاہ کے ہوش حواس جمع ہو سکے سر
سے جدا ہوئے گھبرا کے شہزادی کا آنچل ہلا کے اے بیگم خدا کو مان سنبھل یہان سے دن دیکھے یوہی محل مین
کون آیا وہ خانہ خراب بلا نصیب محروم جبیب تھی اُسکے قمر عنصر سے بجز سیہ خانہ گور کے قریب تھی محل
وہ موقع کیا ماننے کسکو کہتے ہین لب تک نہ ہلایا آخر کار چار ناچار اس تشتدر سے بہ حال مضطر کھینچا ایک
درجہ مین کہ بارہ دری کے سب درجون سے دنیا درجہ بڑھے تھا ایوان شش جہت سے چڑھ کے تھا
جا چھپا یا وہان سے یہ تماشا نظر آیا کہ وہ شعلہ عذار سبز پوش بالکل خاموش نہایت بھڑک سے مگر حیران
بال پریشان کچھ گندھے کچھ کھلے دوپٹہ دھانی وہ گندم گون جواہر نہ ہندوستانی کا نہ سے پڑ وہ والے
مونگون کے ہار دلپر چوٹ ہوتے اُٹھانے والے ہاتھون سے دل جگر دونون تھے لہ ماشون کو سنبھالو آدھا سینہ
کھلا محرم ایک بنیر ان حسن کا تلا اندر سے جوبن شک جمین کا ابھار آمنگ کے دن آمد بہار سنہرا دولے
کی کرتی ناف سے اونچی آسیر لچکا ٹکا کنارے سے ذری ہٹ کے کناری نیا سازی تیاری دھنک
کی چمک کمان قوس قزح قربان لوہے پر سے نگ مل ہین جنگلی لیتے تھے ہر دم جسکی جگمگ کو لکھو سے
